19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "نفائس البیان فی علم رسم القرآن" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) علم المعانی (ب) علم الکلام (ج) علم التجوید (د) علم رسم الخط

2۔ علم رسم الخط کو سیکھنا ہے:

(الف) فرض (ب) فرض کفایہ (ج) واجب (د) واجب کفایہ

3۔ علم رسم الخط کے واضعین ہیں:

(الف) علمائے مکہ و مدینہ (ب) علمائے بصرہ و کوفہ (ج) علمائے مصر و شام (د) علمائے دمشق و تہران

4۔ حروف مہملہ کی کل تعداد ہے:

(الف) بارہ (ب) چودہ (ج) سولہ (د) اٹھارہ

5۔ موجودہ مصاحف میں حرکات کی شکلیں مقرر کی ہیں:

(الف) امام نصر بن عاصم نے (ب) امام یحیٰ بن یعمر نے (ج) امام خلیل بن احمد نے (د) امام ابو الاسود نے

6۔ رسم الخط کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

7۔ ہمزہ کے بیان میں کل مباحث ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

8۔ درمیان کلمہ کا ہمزہ اتنی صورتوں میں الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

9۔ "رؤیۃ" اس کلمہ میں ہمزہ اس صورت میں لکھا گیا ہے:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ مفرد

ورق الٹئے

10۔ ہمزہ متوسطہ اتنی حالتوں میں بشکل واؤ مرسوم ہوتا ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

11۔ ہمزہ متوسطہ اتنی حالتوں میں بشکل یاء لکھا جاتا ہے:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

12۔ ہمزہ متوسطہ مضموم بعد الکسر کو یوں لکھا جاتا ہے:

(الف) فئة (ب) رئة (ج) ناشئة (د) مئون

13۔ ہمزہ متوسطہ ساکنہ بعد الکسر کو لکھا جاتا ہے:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت واؤ (ج) بصورت یاء (د) بصورت ہمزہ مفرد

14۔ درمیان کلمہ میں اتنی حالتوں میں ہمزہ مفرد لکھا جاتا ہے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

15۔ ہمزہ متوسطہ مفتوح ہو اور اس کا ماقبل حرف مدی یا لین ہو تو ہمزہ کو لکھا جائے گا:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ مفرد

16۔ کلمہ کے آخر میں آنے والے ہمزہ کی کل حالتیں ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

17۔ ہمزہ متطرفہ جس کا ماقبل مضموم ہو تو اس صورت لکھا جاتا ہے:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ مفرد

18۔ ہمزہ متطرفہ جس کا ماقبل مکسور ہوتا لکھا جاتا ہے:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ مفرد

19۔ "الف لینیہ" کا بیان اتنی مباحث پر مشتمل ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

20۔ اسم ثلاثی یا فعل ثلاثی میں اتنی علامات میں سے کسی علامت کا ہونا الف کے یائی الاصل ہونے کی دلیل ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة التجويد و القراءة (السنة الاولىٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ علم الرسم کی تعریف تحریر کریں۔
2۔ علم الرسم کا موضوع تحریر کریں۔
3۔ علم الرسم کا فائدہ تحریر کریں۔
4۔ علم الرسم کا حکم تحریر کریں۔
5۔ علم الرسم کا کیا شرف ہے؟ تحریر کریں۔
6۔ فن علم الرسم کی بنیاد کن اصولوں پر رکھی گئی ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ فن علم الرسم کے واضعین کون ہیں؟ تحریر کریں۔
8۔ عربی رسم الخط کو سب سے پہلے کس نے ایجاد کیا؟ اور وہ کس شہر سے تعلق رکھتے تھا؟
9۔ خط کوفی کو موجودہ رسم الخط نسخ میں کس نے تبدیل کیا؟ تحریر کریں۔
10۔ حرکات اور نقطے کب وجود میں آئے؟ تحریر کریں۔
11۔ حروف معجمہ کی کل تعداد کتنی ہے؟ تحریر کریں۔
12۔ حرف "یاء" کو لکھنے کا قاعدہ کیا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ خط المصحف سے کیا مراد ہے؟ تحریر رکریں۔
2۔ خط العروض سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
3۔ خط قیاسی سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
4۔ ہمزہ مبتدیہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔
5۔ وسط کلمہ میں ہمزہ بصورت الف کتنی حالتوں مس لکھا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔
6۔ ہمزہ متوسطہ کتنی حالتوں میں بشکل واؤ مرسوم ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ ہمزہ متوسطہ کتنی حالتوں میں بشکل یاء مرسوم ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔
8۔ لفظ "مائة" اور "مائتین" مین ہمزہ بشکل یاء سے پہلے الف کیوں لکھا جاتا ہے؟
9۔ وسط کلمہ میں ہمزہ کتنی حالتوں میں مفرد لکھا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔
10۔ کلمہ کے آخر میں آنے والے ہمزہ کی کتنی حالتیں ہیں؟ تحریر کریں۔
11۔ الف لینہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔
12۔ کتنی حالتوں میں آخری الف کو بشکل یاء لکھا جاتا ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. فن علم الرسم کی تعریف اور موضوع وحکم بیان کرتے ہوئے اس علم کے واضرین کے بارے تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. رسم الخط کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔
iii. ہمزہ کے بیان کی کل کتنی مباحث ہیں؟ نیز مبحث اول پر نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. وسطہ کلمہ میں ہمزہ کتنی حالتوں میں مفرد لکھا جاتا ہے؟ نیز اس کے قواعد مع امثلہ تحریر کریں۔
ii. ہمزہ متطرفہ کے کل کتنے احوال ہیں؟ نیز ہمزہ متطرفہ کے قواعد مع امثلہ تحریر کریں۔
iii. کتنی اور کون کون سی حالتوں میں آخری الف کو بشکل یاء لکھا جاتا ہے؟ نیز اس کے قواعد مع مثال تحریر کریں۔